سرخیاں

(۱) وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ہندوستان کو آئندہ 10 برسوں میں مالی طور پر خود مکتفی بننے کی ضرورت ہے تا کہ قوم عالمی سطح کے مسائل سے متاثر نہ ہو سکے۔

(۲) سپریم کورٹ نے وارانسی کی عدالت کی جانب سے 31 جنوری کو ہندو فریقین کو گیان واپی مسجد کے جنوبی سیلار میں پوجا کرنے کی اجازت دینے کے فیصلہ پر روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔

(۳) ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے چندر شیکھر راؤ کی جانب سے ریاست کے بعض علاقوں میں زراعت کے سوکھ جانے کیلئے کانگریس حکومت کو ذمہ دار ٹھہرائے جانے سے متعلق بیان کی سخت مذمت کی ہے۔

اور

(۴) مملکتی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت انجام دی گئی تبدیلی والی پالیسیوں سے کئی ملین افراد غربت کی سطح سے ابھرے اور ملک کی جامع ترقی ہوئی۔

☆☆☆

تلنگانہ ڈرگ کنٹرول کے محکمہ (ٹی ایس ڈی سی اے) نے دو دوائیں، ایک ہومی پیتھی اور ایک آیورویدک ضبط کی ہے جسے گمراہ کن اشتہارات کے ذریعہ پھیلایا جا رہا تھا۔ ٹی ایس ڈی سی اے نے کہا کہ Stonil Tablets جو ہومیوپیتھی کی دوا ہے، کے ذریعہ یہ دعویٰ کیا جا رہا تھا کہ اِس سے گردہ میں پتھری کا علاج ہوتا ہے جبکہ دیگر دوائیں بھی سربراہ کی جا رہی تھی، ان کے تعلق سے بھی یہ دعویٰ کیا جا رہا تھا کہ ان کے ذریعہ عام طور پر خواتین سے متعلق امراض کا علاج ہوتا ہے۔ اس طرح کے دعوے ڈرگ اینڈ میجک ریمی ڈیز (قابل اعتراض اور اشتہارات) قانون 1954ء کے تحت غلط ہیں۔ گزشتہ دو دن کے دوران اس سلسلہ میں خصوصی مہم چلائی گئی اور ڈرگس انسپکٹر شاہ آباد نے مذکورہ دوائیں ضبط کیں۔ عوام غیر قانونی دواؤں پر کسی بھی طرح کی تشویش پر ڈرگس کنٹرول اڈمنسٹریشن تلنگانہ کے ٹال فری نمبر 1800-599-6969 پر اطلاع دے سکتے ہیں۔

☆☆☆

نظام آباد ضلع کے آرمور ٹاؤن میں نظام ساگر کنال میں دراڑ پڑ گئی ہے۔ اس کے نتیجہ میں پانی نکل رہا ہے اور آج صبح کی ابتدائی ساعتوں میں آس پاس کے مختلف اضلاع بشمول جرنلسٹ کالونی میں پانی داخل ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق کنال میں دراڑ پڑنے کے بعد آس پاس کے علاقوں میں رہنے والے عوام کی ایک بڑی تعداد کو محفوظ مقامات منتقل کیا گیا۔ پانی کے تیز بہاؤ کے نتیجہ میں کئی برقی کھمبے گر پڑے، جس کی بنا پر محکمہ برقی کے عہدیداروں کو متعلقہ علاقوں میں برقی سربراہی بند کرنا پڑا۔ مقامی افراد نے اِس واقعہ کے لئے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کو قصوروار ٹھہرایا ہے۔ مقامی افراد یہ شکایت بھی کی ہے کہ اصل کنال پر واقع بند کی دیکھ بھال میں ایک عرصہ سے لاپرواہی برتتے جا رہی تھی، جس کے نتیجہ میں یہ بڑا واقعہ پیش آیا۔ سمجھا جاتا ہے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں نے آس پاس کے علاقہ میں کئی ماہ سے موجود مٹی کے ڈھیر کو ہٹائے بغیر پانی چھوڑ دیا تھا۔ جس کے نتیجہ میں کنال میں دراڑ پڑی۔ کنال کا پانی پینے اور زراعت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

گرام پنچایتوں کے معاملہ میں مالی سال 24-2023ء کے دوران پراپرٹی ٹیکس کی حصولی میں ضلع راجنا سرسلہ کو ریاست بھر میں پہلا مقام ملا ہے۔ ضلع میں زائد از 255 گرام پنچایتوں نے 30 مارچ 2024ء تک 6.92 کروڑ روپے، یعنی 98.19 فیصد ٹیکس حاصل کیا، جبکہ اس سلسلہ میں 7.5 کروڑ روپے کا نشانہ مقرر کیا گیا تھا۔ ایک بیان میں کلکٹر انوراگ جینتی نے متعلقہ عہدیداروں اور عوام کی ستائش کی۔ مابقی 13 لاکھ روپے پراپرٹی ٹیکس کو بھی حاصل کرتے ہوئے اس نشانہ کو صد فیصد کرلیا جائیگا۔

☆☆☆

بھارت راشٹر سمیتی بی آر ایس کے لیڈر و سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے خواہش کی ہے کہ ٹیچر اہلیتی ٹسٹ (ٹیٹ) کے لئے اضافہ شدہ فیس کو واپس لینے کا فیصلہ کیا جائے کیونکہ اس امتحان میں شرکت کرنے والے طلبہ بالخصوص دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ زائد فیس ادا نہیں کرسکتے۔ سی ایم کے نام آج روانہ کردہ ایک خط میں ہریش راؤ نے کہا کہ ریاستی حکومت نے حال ہی میں ٹیٹ امتحان کی فیس میں اضافہ کیا اور ایس سی، ایس ٹی اور معذور طلبہ کو دی جانے والی رعایت سے بھی دستبرداری اختیار کرلی۔ ہریش راؤ نے کہا کہ فیس میں اضافہ بیروزگار نوجوانوں کو دھوکہ دینے کے برابر ہے۔ ان کے مطابق بی آر ایس پارٹی کی حکومت کے دوران فی امیدوار صرف 400 روپے فیس وصول کی جاتی تھی۔

☆☆☆

مرکزی معتمد داخلہ اجئے کمار بھلا نے موجودہ دور میں نئی تکنالوجی سے بڑے خطرات کا انتباہ دیا ہے۔ نئی دہلی میں آج شہری ہوابازی کی خدمات کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، جی پی ایس، ڈرونس اور سائبر جیسی نئی تکنالوجیوں سے مزید مسائل پیدا ہورہے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں حفاظتی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا اور نئی تکنالوجی سے ہم آہنگ رہنے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک تیزی سے ترقی کررہا ہے اور سال 2024ء کے دوران ایک ریکارڈ قائم کرلے گا۔ اس موقع پر شہری ہوابازی خدمات کے مختلف عہدیداروں کو ایوارڈس بھی پیش کئے گئے۔

☆☆☆

سینئر انفارمیشن سروس آفیسر شیفالی بی شرن نے آج پریس انفارمیشن بیورو کے پرنسپل ڈائرکٹر جنرل کے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ 1990ء بیچ کی آئی آئی ایس آفیسر، شرن نے منیش دیسائی کے ریٹائرمنٹ کے بعد چارج سنبھالا۔ اس سے قبل شیفالی شرن، الیکشن کمیشن اور وزارت خزانہ میں خدمات انجام دے چکی ہیں۔

☆☆☆

مملکتی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے پچھلے ایک دہائی کے دوران دنیا بھر میں ہندوستان کی شہرت کی ستائش کی اور اس بات پر زور دیا کہ آزادانہ اور شفاف انتخابات کے ذریعہ ایک ایسا پلیٹ فارم بنایا جائے جس سے طویل مدتی اساس پر اختصادی و سماجی فوائد حاصل ہوسکیں۔ حیدرآباد کے علاقہ نامپلی میں واقع پارٹی کے ریاستی ہیڈ کوارٹر پر آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت تبدیلیاں لانے والی پالیسیوں سے کروڑ ہا افراد کو غربت کی سطح سے اٹھایا گیا اور ملک بھر میں جامع ترقیاتی پروگرام انجام دئے گئے۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ ہندوستان عالمی مدد پر منحصر ہونے کے بجائے خود مکتفی بنا ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے آج وارانسی کی عدالت کی جانب سے 31 جنوری کو دئے گئے اس فیصلہ پر روک لگانے سے انکار کردیا جس کے تحت ہندو فریقین کو گیان واپی مسجد کے جنوبی سیلار میں پوجا کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ چیف جسٹس آف انڈیا کی ایک بنچ نے جوڈی وائی چندر چور، جسٹس پاردی والا اور منوج مشرا پر مشتمل ہے، تاہم فریقین کو ہدایت دی کہ گیان واپی کے احاطہ کی صورتحال کو جوں کا توں برقرار رکھا جائے، تا کہ دونوں فریقین مذہبی سرگرمیاں انجام دے سکیں۔ عدالت نے کہا کہ ہندو جنوبی حصہ سے مسجد میں داخل ہوسکتے ہیں اور سیلار میں پوجا کرسکتے ہیں، جبکہ مسلمان شمالی حصہ سے داخل ہوسکتے ہیں اور عبادت کرسکتے ہیں۔ یہ صورتحال اس معاملہ کا قطعی فیصلہ آنے تک برقرار رہے گی۔

☆☆☆

ریاستی آبپاشی وسیول سپلائز کے وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی جانب سے ریاست کے بعض علاقوں میں زراعت کے سوکھ جانے کے لئے کانگریس حکومت کو ذمہ دار ٹھہرائے جانے سے متعلق بیان کی سخت مذمت کی ہے۔ گاندھی بھون میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اتم کمار نے کہا کہ سابق سی ایم کا کل دیا گیا یہ بیان پوری طرح طرح جھوٹ پر مبنی ہے۔ وزیر نے یہ واضح کیا کہ ریاست کے کسی بھی حصہ یا شعبہ میں کسی بھی طرح کی برقی کٹوتی نہیں کی گئی۔ جیسا کہ کے سی آر نے الزام عائد کیا ہے۔ انہوں نے کے سی آر کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ غیر ضروری طور پر کانگریس حکومت پر الزام عائد کررہے ہیں، جبکہ حکومت نے ریاست بھر میں بلا وقفہ برقی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے ہیں۔

☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ہندوستان کو آئندہ 10 برسوں میں مالی طور پر خود مکتفی بننے کی ضرورت ہے تا کہ قوم عالمی سطح کے مسائل سے متاثر نہ ہوسکے۔ ریزرو بینک آف انڈیا کے قیام کے 90 برس کی تکمیل پر ممبئی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ ہندوستانی بینکنگ نظام میں تبدیلی اہمیت کی حامل ہے۔ بینکنگ کا شعبہ منافع بخش بن گیا ہے، جبکہ حکومت اور آر بی آئی کی جانب سے گزشتہ دہائی کے دوران کئے گئے اقدامات سے کریڈٹ میں بھی کافی اضافہ ہوا ہے۔ مودی کے مطابق عوامی شعبہ کے بینکس کے غیر کارکرد اثاثہ جات 2018ء میں 11.25 فیصد تھے جو گزشتہ برس ستمبر تک کم ہوکر تین فیصد رہ گئے۔ مودی نے مزید کہا کہ اس سلسلہ میں آر بی آئی نے نہایت اہم رول ادا کیا ہے۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے یکم اپریل 1935ء اپنی خدمات شروع کی تھی۔